رول نمبر	01-44000	گروپ فرسٹ
اُردو لازمی (انشائیہ)	SSC-A-2012	SSC(Part-I)
وقت 2:10 گھنٹے	سیشن (2011-13)	کل نمبر : 55

حصہ اوّل

﴿ ہدایات ﴾ ☆تمام جوابات اپنی جوابی کاپی پر حل کریں۔☆اضافی کاپی طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔

سوال نمبر 3 درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کریں۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو اشعار حصہ غزل سے) 2x5=(10)

(الف) اثر تیری عطاؤں پر نہیں پڑتا خطاؤں کا
جسے پیدا کیا اُس کو دیا ہے آب و ناں تو نے

(ب) جن کے نئے نئے تھے مکاں اور محل سرا
اُن کی چھتیں ٹپکتی ہیں، چھلنی ہو جا بجا

(ج) فرشتے دنگ تھے اس تیغ ایمانی کے جوہر سے
کہ حاضر تھی یہ جان و مال سے فرزند و شوہر سے

(د) لطف ہی کیا ہے اگر بولے نہ ہر رُخ سے جنوں
ہوش سے بچتے چلو، دیوانہ پن کرتے رہو

(ر) پھر سوز دروں، زمزمہ پرداز ہوا ہے
اِک خواب کی تعبیر کا آغاز ہوا ہے

حصہ دوم

سوال نمبر 4 درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کریں۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیں۔ نیز خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیں۔ (10)

(الف) تیرے ہی سہارے سے زندگی کی مشکل مشکل گھاٹیاں ہم طے کرتے ہیں۔ تیرے ہی سبب سے ہمارے خوابیدہ خیال جاگتے ہیں۔ تیری ہی برکت سے خوشی، خوشی کے لئے نام آوری، نام آوری کے لئے بہادری، بہادری کے لئے فیاضی، فیاضی کے لئے محبت، محبت کے لئے نیکی، نیکی کے لئے صلہ تیار ہے۔

(ب) اس مقصد عظیم کیلئے، ہمیں اپنے ادب کا بھی محاسبہ کرنا ہوگا اور اپنی عام فکری زندگی کا بھی اور اس بات کو بھی اچھی طرح متعین کرنا ہوگا کہ دین اور سیاست کے ایک ہونے کا مطلب کیا ہے اور جب ہم دین و سیاست کی یکجائی کا ذکر کرتے ہیں تو اس میں سیاست سے کیا مراد لیتے ہیں؟

سوال نمبر 5 کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (الف) رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اخلاق (ب) سویرے جو کل آنکھ میری کھلی (05)

سوال نمبر 6 (الف) نظم " کھڑاؤنر " کا خلاصہ یا مرکزی خیال تحریر کریں۔ (05)

(ب) ہیڈ ماسٹر صاحب کو سرٹیفکیٹ کے حصول کے لئے درخواست لکھیں۔ (10)

یا

اپنے دوست کے نام خط میں کوئی ایسا واقعہ بیان کریں جس سے آپ کی حاضر دماغی کا اندازہ ہوتا ہو۔

سوال نمبر 7 ایک کہانی تحریر کریں جسکا عنوان ہو " جس کا کام اُسی کو ساجھے "۔ یا دکاندار اور خریدار کے درمیان مکالمہ تحریر کریں۔ (5)

سوال نمبر 8 دیئے گئے سابقوں سے ایک ایک لفظ بنایئے۔ (i) نا (ii) بے (iii) ن (iv) خوب (v) خود (5)

سوال نمبر 9 درج ذیل جملوں کی درستی کریں۔ (5)

(i) اسلم ہمیشہ گھوڑے خرید کر سوتا ہے۔ (ii) جی نے چاہا تو آؤں گا۔ (iii) میں نے کتاب کو پڑھا۔
(iv) اُلٹے بانس دہلی کو۔ (v) جس کی لاٹھی اُس کی گائے۔

یا

درج ذیل جملوں کی تکمیل کریں۔

(i) دل کو دل سے ----------------------
(ii) طویلے کی بلا ----------------------
(iii) بخشو بی بلی ----------------------
(iv) بد اچھا ----------------------
(v) صورت نہ شکل ----------------------

www.ilmkidunya.com